Pearson
PTE Academic

ٹیسٹ دینے والوں کیلئے ہینڈ بک

Nathalie Lees خاکے

دسمبر 2018

PTE اکیڈمک کے بارے میں

PTE اکیڈمک کمپیوٹر پر دستیاب انگلش زبان کا محفوظ ٹیسٹ ہے جو چار اہم لسانی مہارتوں یعنی سننے، پڑھنے، بولنے اور لکھنے کی جانچ کرتا ہے۔ PTE اکیڈمک یونیورسٹیوں، اعلی تعلیم کے اداروں، سرکاری محکموں اور اداروں کو جو اکیڈمک انگلش طلب کرتے ہیں، ٹیسٹ دینے والوں کی لسانی اہلیت کی حقیقی زندگی کے مطابق پیمائش فراہم کرتا ہے۔ PTE اکیڈمک سروسز کا استعمال ان **PTE اکیڈمک ٹیسٹ دینے والوں کیلئے شرائط** کے مطابق ہے جو اس دستاویز میں واضح کی جا رہی ہیں۔

خاکے: Lauren Rolwing

سوالات

- **عام سوالات:** اکثر پوچھے جانے والے سوالات کا صفحہ دیکھیں: دیکھیں pearsonpte.com/faqs
- **رجسٹریشن اور ٹیسٹوں کی تاریخوں کے بارے میں سوالات:** اپنی ریجنل کسٹمر سروس ٹیم سے رابطہ کریں: pearsonpte.com/contact

PTE اکیڈمک، 6 مرحلوں میں

1	آغاز ٹیسٹ کے مقامات اور فیسوں کیلئے pearsonpte.com دیکھیں۔
2	رجسٹریشن اور بکنگ pearsonpte.com/book پر جا کر اکاؤنٹ بنائیں اور اپنے ٹیسٹ کی تاریخ طے کریں۔ مزید معلومات کیلئے **صفحہ 4 دیکھیں۔**
3	تصدیق فیس وصول ہونے کے بعد آپکو ای میل پر تصدیق ملے گی جس میں ٹیسٹ سنٹر کا مقام اور راستے کیلئے رہنمائی بھی ہو گی۔
4	ٹیسٹ کا دن آپکی شناخت چیک کی جائے گی اور آپکے بائیومیٹرکس حاصل کیے جائیں گے۔ مزید معلومات کیلئے **صفحہ 8 دیکھیں۔**
5	نتائج نتائج بالعموم پانچ دفتری ایّام کے اندر دستیاب ہوتے ہیں۔ ہم آپکو ای میل پر اطلاع دیں گے کہ آپکی سکور رپورٹ تیار ہے۔ مزید معلومات کیلئے **صفحہ 13 دیکھیں۔**
6	اپنے سکورز دوسروں کو مہیا کریں اپنے اکاؤنٹ میں لاگ ان کر کے اپنی سکور رپورٹ تک جائیں۔ پھر آپ اپنی سکور رپورٹ لامحدود تعداد میں یونیورسٹیوں، کالجوں یا ویزا حکام کو مہیا کر سکتے ہیں۔

یاد رکھنے کی باتیں

- اپنا ٹیسٹ بک کرنے سے پہلے یقینی بنائیں کہ آپ نے یہ ’ٹیسٹ دینے والوں کیلئے ہینڈبک‘ پڑھ لی ہے اور صفحہ 16 پر **PTE اکیڈمک ٹیسٹ دینے والوں کیلئے شرائط** بھی پڑھ لی ہیں۔
- اگر آپ پر **PTE اکیڈمک ٹیسٹ دینے والوں کیلئے شرائط** کی تعمیل کرنے پر راضی نہ ہوں تو براہ مہربانی رجسٹر نہ کریں اور نہ ہی ہماری ویب سائیٹ اور خدمات تک رسائی حاصل کریں۔

ٹیسٹ سے پہلے

رجسٹریشن: اکاؤنٹ بنائیں

دیکھیں pearsonpte.com/book	
1	اپنا اکاؤنٹ بنائیں۔
2	اپنی ذاتی تفصیلات بالکل ویسے ہی درج کریں جیسے آپکی شناختی دستاویز میں لکھی ہیں۔ • **مزید تفصیلات کیلئے صفحہ 9 دیکھیں۔** • اگر آپکا صرف ایک نام ہو (یعنی اپنا نام اور فیملی نیم ایک ہی ہو) تو اسے **”لاسٹ نیم/سرنیم/فیملی نیم“** کے خانے میں لکھیں۔ **”فرسٹ نیم/Given Name“** والے خانے میں ایک وقفہ/فل سٹاپ ڈالیں۔
3	تمام خانے مکمل کرنا یقینی بنائیں تاکہ اکاؤنٹ رجسٹریشن میں تاخیر نہ ہو۔
4	یہ کارروائی مکمل کرنے کے بعد 2 دفتری ایّام کے اندر آپکو ایک ای میل ملے گی جس میں آپکے لاگ ان کی تفصیلات ہوں گی۔

یاد رکھنے کی باتیں

- رجسٹر کرتے ہوئے رومن حروف استعمال کریں۔
- اپنا نام بالکل ویسے ہی درج کریں جیسا اس شناخت نامے میں لکھا ہے جو آپ ٹیسٹ والے دن ساتھ لانے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ شناخت نامے کے تقاضوں کے بارے میں تفصیلی معلومات کیلئے pearsonpte.com/TestDay پر ٹیسٹ دینے والوں کیلئے چیک لسٹ دیکھیں: pearsonpte.com/acceptable-id
- درست اور محفوظ ای میل ایڈریس استعمال کریں کیونکہ اس ای میل ایڈریس پر آپکو لاگ ان کیلئے تفصیلات اور اہم اطلاعات بھیجی جائیں گی نیز آپکے سکورز آنے پر سکورز بھی یہیں بھیجے جائیں گے۔ براہ مہربانی رجسٹر کرنے کے بعد اور ٹیسٹ دینے کے بعد اپنا Junk/Spam فولڈر دیکھیں۔

ٹیسٹ بک کرنا

لاگ ان کیلئے تفصیلات ملنے کے بعد **pearsonvue.com/pte** پر جائیں

1	سائن اِن کریں، “PTE-A: Pearson Test of English Academic” چنیں اور “Schedule this Exam” پر کلک کریں۔
2	PTE اکیڈمک رجسٹریشن کے سوالات کے جواب دیں۔
3	نزدیکی ٹیسٹ سنٹر تلاش کریں اور دستیاب تاریخیں اور اوقات چنیں۔
4	مقام، تاریخ اور وقت کی تصدیق کریں، **PTE اکیڈمک ایڈمشن پالیسی** سے اتفاق کریں اور پھر مکمل ادائیگی کر کے اپنی بکنگ یقینی بنائیں۔
5	مکمل! آپکو ایک ای میل ملے گی جس میں آپکے ٹیسٹ سنٹر کے مقام، راستے کیلئے رہنمائی اور اس دن یاد رکھنے کی باتیں ہوں گی۔

یاد رکھنے کی باتیں

- ٹیسٹ بک کرنے کے وقت پوری فیس ادا کرنا ضروری ہے۔ اگر اس کرنسی میں ادائیگی نہ کی جائے جو اس ملک کیلئے مخصوص ہے جہاں آپ ٹیسٹ دینے کا ارادہ رکھتے ہیں تو آپکی رجسٹریشن یا خدمات کیلئے درخواست پر کارروائی نہیں کی جائے گی اور آپکی ادائیگی ردّ کر دی جائے گی اور/یا آپکو لوٹا دی جائے گی۔
- ادائیگی کے قابل قبول طریقے یہ ہیں: کریڈٹ کارڈ (Visa®، MasterCard®، American Express®، یا JCB®) یا ڈیبٹ کارڈ (صرف Visa® یا MasterCard®)۔
- اگر آپکا کریڈٹ کارڈ مسترد ہو جائے تو آپکو اپائنٹمنٹ نہیں ملے گی۔ آپ ادائیگی کی قابل قبول قسم استعمال کر کے اپنے ٹیسٹ کیلئے دوبارہ اپائنٹمنٹ لینے کے ذمہ دار ہوں گے۔
- اگر آپکو واؤچر ملا ہے تو آپ ٹیسٹ کی فیس کیلئے اسے استعمال کر سکتے ہیں۔ تاہم، آپ ٹیسٹ کی نئی تاریخ لینے کی فیس یا اپنے پیسے واپس لینے کیلئے اسے استعمال نہیں کر سکتے۔
- فیسوں کی مکمل تفصیلات کیلئے دیکھیے pearsonpte.com/testcenters
- اگر ٹیسٹ سے 48 گھنٹے پہلے بکنگ کروائی جائے تو تاخیر سے بکنگ کی فیس لگتی ہے۔
- بکنگ کے بعد، اگر آپ کو 2 کاروباری دنوں کے اندر تصدیقی ای میل نہ ملے تو براہ مہربانی اپنا junk یا spam ای میل فولڈر دیکھیں۔
- اپنی تصدیقی ای میل کو بغور پڑھ کر یقینی بنائیں کہ آپکا نام بالکل ویسے ہی لکھا ہے جیسے آپکے اس شناخت نامے میں ہے جو آپ ٹیسٹ والے دن دکھانے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ اگر آپکو تبدیلی کرنے کی ضرورت ہو تو براہ مہربانی کسٹمر سپّورٹ سے رابطہ کریں: pearsonpte.com/contact

ٹیسٹ منسوخ کروانا یا ٹیسٹ کی تاریخ بدلوانا

آپ اپنے ٹیسٹ کی تاریخ بدلوا سکتے ہیں یا ٹیسٹ کو منسوخ کر سکتے ہیں:

- **آن لائن:** اپنے اکاؤنٹ میں لاگ ان کریں pearsonvue.com/pte
- **فون پر:** pearsonpte.com/contact
- **چیٹ:** home.pearsonvue.com/pte/contact

براہ مہربانی نوٹ فرما لیں کہ ان تبدیلیوں کے لئے وقت کی حدود اور فیس کا اطلاق ہوتا ہے۔

اگر آپ آن لائن اپنی بکنگ کرنے کے بعد PTE اکیڈمک ٹیسٹ نہ دینے کا فیصلہ کریں تو فیس کی مکمل واپسی کے لئے آپ کو ٹیسٹ کی تاریخ سے 14 مکمل کیلنڈر دن پہلے ایسا کرنا ہوگا۔ آپ اپنے ریجن میں کسٹمر سروس ٹیم pearsonpte.com/contact سے رابطہ کر کے منسوخی کی درخواست کر سکتے ہیں۔

اگر آپ 14 سے کم دنوں، لیکن 7 مکمل کیلنڈر دنوں سے قبل ٹیسٹ منسوخ کرتے ہیں تو آپ کو جزوی فیس واپس ہوگی (ادا کردہ ٹیسٹ فیس کا 50٪)۔

اگر آپ 14 سے کم دنوں، لیکن 7 مکمل کیلنڈر دنوں سے قبل ٹیسٹ کی تاریخ تبدیل کرواتے ہیں تو آپ کو ٹیسٹ فیس کا 50٪ ادا کرنا ہوگا۔

امتحان میں 7 سے کم دن رہ جانے پر منسوخی یا تاریخ تبدیل کروانے کی صورت میں آپ کو فیس واپس نہیں کی جائے گی۔

نوٹ: منسوخی اور تبادلے کی پالیسی میں آپ کی ٹیسٹ کی تارخ شامل نہیں ہے۔

مثال: اگر آپ کا ٹیسٹ بروز جمعرات، 25 اکتوبر کو ہے



فیس کی واپسی

صرف اور صرف اپنی صوابدید پر، پیئرسن آپکو اس ٹیسٹ فیس کی واپسی کی پیشکش کر سکتا ہے جہاں آپ نے رجسٹر کر کے براہ راست پیئرسن کو ٹیسٹ فیس ادا کی ہو۔ مکمل رقم کی واپسی صرف تب پیش کی جاتی ہے جہاں:

A. آپ اپنے ٹیسٹ کی مقررہ تاریخ سے کم از کم 14 دن پہلے اپنا ارادہ بدل دیں؛ یا

B. اگر آپ بیماری کی وجہ سے ٹیسٹ نہ دے سکتے ہوں (اور میڈیکل سرٹیفکیٹ فراہم کر سکتے ہوں)، اس ٹیسٹ دینے والوں کیلئے کتابچے کے مطابق۔

طبی وجوہ سے، استثناء دیتے ہوئے دوبارہ ٹیسٹ کی تاریخ دینا ہماری صوابدید پر منحصر ہے

اگر آپ ٹیسٹ والے دن بیماری کی وجہ سے جسمانی طور پر ٹیسٹ سنٹر آنے کے قابل نہ ہوں تو ممکن ہے پیئرسن آپ کو ایک دفعہ طبی بنیادوں پر ٹیسٹ کی متبادل تاریخ دینے پر متفق ہو جائے۔ ہم ٹیسٹ کی متبادل تاریخ مفت یا رعایتی فیس پر دے سکتے ہیں۔ آپکو ٹیسٹ کی مقررہ تاریخ کے بعد 14 دنوں کے اندر کسٹمر سروس سے رابطہ کرنا ہو گا اور ہم طبی ثبوت طلب کریں گے۔ ثبوت کا قبول کرنا ہماری صوابدید پر ہوگا۔ ہوسکتا ہے کہ طبی وجوہ کی بنیاد پرکسی بھی ٹیسٹ کی تاریخ ایک سے زیادہ مرتبہ تبدیل نہ کی جائے۔

اگر آپ طبی وجوہ سے ٹیسٹ نہ دے سکتے ہوں تو دوبارہ ٹیسٹ بک کروانے یا فیس کی واپسی کا حق خود بخود نہیں مل جاتا۔

ٹیسٹ کی تاریخ میں 14 سے کم دن رہ جانے کی صورت میں دی گئی کسی بھی درخواست پر منسوخی کی فیس عائد کی جائے گی، جیسا کہ اوپر بتایا گیا ہے۔

جہاں آپ نے واؤچر استعمال کر کے رجسٹر کیا ہو، براہ مہربانی اس دکان سے رابطہ کریں جس سے آپ نے واؤچر حاصل کیا تھا یا خریدا تھا۔ واؤچر سے کی جانے والی رجسٹریشن کیلئے پیئرسن براہ راست رقم واپس نہیں کر سکتا۔

اگر آپ نے کریڈٹ/ڈیبٹ کارڈ پر ادائیگی کی تھی تو واپس کی جانے والی رقم اصل کریڈٹ/ڈیبٹ کارڈ یا بینک اکاؤنٹ میں بھیجی جاۓ گی۔

فیسوں کی مکمل تفصیلات کیلئے، براہ مہربانی اپنے ریجن میں کسٹمر سروس ٹیم سے رابطہ کریں: pearsonpte.com/contact

ٹیسٹ میں تبدیلیاں

پیئرسن، صرف اور صرف اپنی صوابدید پر، ٹیسٹ کو منسوخ کرنے، دوبارہ تاریخ دینے، ٹیسٹ کا مواد بدلنے یا PTE اکیڈمک ٹیسٹ کے دوران کمرۂ امتحان میں امیدواروں کی تعداد بدلنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ اگر پیئرسن کسی ٹیسٹ کو منسوخ کرے یا اس کیلئے دوبارہ تاریخ دے تو ہم فیس کی واپسی یا متبادل تاریخ پر یا متبادل ٹیسٹ سنٹر میں ٹیسٹ کا انتظام کریں گے۔

ٹیسٹ دینے والے معذور افراد

PTE اکیڈمک کمپیوٹر پر سکور دینے والا ٹیسٹ ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ کمپیوٹرائزڈ سکورنگ برقرار رکھتے ہوئے، معذور امیدواروں کی ضروریات کیلئے خصوصی انتظام مہیا کرنے کے سلسلے میں تکنیکی مجبوریاں ہیں۔

پیئرسن تمام امیدواروں کو شامل کرنے اور مساوی رسائی کے ضمن میں اپنے عہد کے سلسلے میں مسلسل خصوصی انتظامات پر غور کر رہا ہے اور ان میں اضافہ کر رہا ہے۔

- خصوصی انتظامات ان ٹیسٹ دینے والوں کیلئے دستیاب ہیں جو اہلیت کے بعض خاص تقاضے پورے کرتے ہیں اور جو ٹیسٹ دینے سے پہلے پیئرسن سے درست طریقے سے درخواست کریں اور تصدیق حاصل کریں۔
- ان خصوصی انتظامات کی درخواست کرنے کیلئے جن کیلئے PTE اکیڈمک کی منظوری درکار ہوتی ہے، آپکو یہاں ٹیسٹ کیلئے مخصوص دستاویزات مکمل کرنی ہوں گی: pearsonpte.com/accommodations
- آپکو ٹیسٹ دینے سے کم از کم چار ہفتے پہلے ای میل کے ذریعے pltsupport@pearson.com پر یہ فارم بھیجنا ہوگا۔
- آپکو یہ فارم اپنا ٹیسٹ بک کرنے سے پہلے بھیجنا چاہیے۔
- ٹیسٹنگ کے خصوصی انتظامات جن کیلئے منظوری درکار ہوتی ہے، ان میں یہ شامل ہیں:
  - آرام کیلئے اضافی وقفے یا لمبے وقفے
  - کمرۂ امتحان میں طبی آلے کی اجازت
  - کمپیوٹر سکرین پر بڑا فونٹ
- **نوٹ**: خصوصی انتظامات صرف منتخب ٹیسٹ سنٹروں میں دستیاب ہیں۔

پیئرسن ایسے خصوصی انتظامات کی درخواست کو ردّ کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے جن سے ٹیسٹ کی درست ہونے یا حفاظت پر اثر پڑ سکتا ہے۔

ٹیسٹ والے دن

آمد پر

- آپ کیلئے اپنے ٹیسٹ سے کم از کم 30 منٹ پہلے پہنچنا اور ٹیسٹ سنٹر میں استقبالیہ پر اپنا نام درج کروانا ضروری ہے۔
- آپ کیلئے ’ PTE **اکیڈمک ٹیسٹ دینے والوں کیلئے اصولوں کا معاہدہ**‘ پڑھنا اور اس پر رضامند ہونا ضروری ہے جو آپکو ٹیسٹ سنٹر میں پہنچنے پر فراہم کیا جائے گا۔
- ٹیسٹ ایڈمنسٹریٹر آپکا شناخت نامہ چیک کرے گا اور آپکی ہتھیلی کی رگوں کا سکین اور دستخط حاصل کرے گا۔ براہ مہربانی متوجہ ہوں کہ آپ جو الیکٹرانک دستخط فراہم کرتے ہیں، وہ ان اصولوں کے معاہدے کو قبول کرنے کا قانونی اقرار ہے جو آپ نے پڑھے ہوں۔
- ٹیسٹ ایڈمنسٹریٹر ٹیسٹ سنٹر کے اصول اور ضوابط کی وضاحت کرے گا۔
- ذاتی چیزوں کو محفوظ سٹوریج کے مقام پررکھنا ضروری ہے۔ آپ اپنا ٹیسٹ مکمل ہونے تک سٹوریج کے مقام تک رسائی حاصل نہیں کر سکتے۔

دیکھیں:
ٹیسٹ والے دن کیا توقع رکھنی چاہیئے
pearsonpte.com/testday



یاد رکھنے کی باتیں

- اپنے ٹیسٹ سے 30 منٹ پہلے پہنچیں۔ اگر آپ اپنا ٹیسٹ شروع ہونے کے وقت کے بعد 15 منٹ سے زیادہ تاخیر سے پہنچیں گے تو آپکو ٹیسٹ دینے کی اجازت نہیں ملے گی۔
- اگر آپکو ٹیسٹ کے دوران کوئی مسئلہ پیش آئے تو ٹیسٹ والے دن ٹیسٹ ایڈمنسٹریٹر کے ساتھ اس مسئلے پر بات کریں۔ آپکو ایک انسیڈینٹ نمبر دیا جائے گا جو آپکو ہمارے ساتھ تمام رابطے میں استعمال کرنا چاہیئے۔

شناختی دستاویزات اور بائیومیٹرک ڈیٹا

PTE اکیڈمک ٹیسٹ دینے کیلئے آپکو ہمیں اپنا مؤثر پاسپورٹ فراہم کرنا ہو گا جسکی مدت ختم نہ ہوئی ہو۔

- پاسپورٹ پر آپکا نام بالکل ویسے ہی لکھا ہونا ضروری ہے جیسے آپ نے ٹیسٹ بک کرتے ہوئے نام لکھا تھا۔
- اگر کسی جاری ویزے کی درخواست کی وجہ سے آپکے پاس آپکا پاسپورٹ نہ ہو تو یہ واپس مانگیں تاکہ ٹیسٹ والے دن آپ پاسپورٹ دکھا سکیں۔

اگر آپکے پاس پاسپورٹ نہ ہو تو

- براہ مہربانی شناخت نامے کے تقاضے بغور پڑھیں کیونکہ ممکن ہے کچھ ملکوں میں آپ کوئی متبادل شناخت نامہ پیش کر سکتے ہوں۔ pearsonpte.com/acceptable-id

حفاظت اور بائیومیٹرک ڈیٹا

- ٹیسٹ سنٹر CCTV ریکارڈنگ استعمال کرتے ہیں تاکہ ممکنہ خلاف ورزیوں پر نظر رکھی جائے، ٹیسٹ کے حوالے سے دعووں کا جواب دیا جائے اور عمارت کی حفاظت کا انتظام کیا جائے۔

ان سرکاری حکام یا اعلی تعلیم کے اداروں کو ڈیٹا فراہم کیا جا سکتا ہے جو آپکی جانب سے داخل کرائی گئی ایسی درخواست پر کارروائی کر رہے ہوں جس میں PTE اکیڈمک ٹیسٹ کے نتائج کا معاملہ ہو یا جنہیں آپ نے اپنے ٹیسٹ سکور وصول کرنے کیلئے نامزد کیا ہو۔

آپ یہاں ہماری مکمل پرائیویسی پالیسی پڑھ سکتے ہیں کہ ہم کونسا ڈیٹا اکٹھا کرتے ہیں اور اسکی حفاظت کیسے کی جائے گی pearsonpte.com/privacy-policy

ٹیسٹ والے دن، پیئرسن یہ حاصل کرے گا:

- آپکی فوٹو
- آپکی ہتھیلی کی رگوں کا سکین
- ہم آپکے شناخت نامے کی کاپی لے سکتے ہیں جو آپ نے ٹیسٹ سنٹر میں پیش کیا ہو
- آپ کی زبان سے آپکا ذاتی تعارف

یاد رکھنے کی باتیں

- **آپ کیلئے ٹیسٹ والے دن اپنا شناخت نامہ لانا ضروری ہے۔** اگر شناخت نامے پر لکھا نام آپکی بکنگ سے مطابقت نہ رکھتا ہو یا آپ اپنا پاسپورٹ یا آئی ڈی پالیسی میں مذکور قابل قبول شناخت نامہ پیش نہ کر سکے تو آپکو ٹیسٹ کی اجازت نہیں ملے گی اور آپکی ٹیسٹ فیس ضائع ہو جائے گی۔
- آپ کیلئے اوریجنل دستاویز پیش کرنا ضروری ہے – فوٹو کاپیاں قبول نہیں کی جائیں گی (خواہ یہ مصدّقہ کاپیاں ہوں)۔

ٹیسٹ سنٹر کے اصول

- کمرۂ امتحان میں داخل ہونے سے پہلے آپکو ’ PTE **اکیڈمک ٹیسٹ دینے والوں کیلئے اصولوں کا معاہدہ**‘ پڑھنے اور اس پر دستخط کرنے کیلئے کہا جائے گا جس میں معلومات کو راز میں رکھنے کا تقاضا بھی شامل ہے۔
- کمرۂ امتحان میں ذاتی چیزیں لے جانے کی اجازت نہیں ہوتی۔ اس میں مندرجہ ذیل چیزیں شامل ہیں، لیکن یہ محض انہی تک محدود نہیں:
    - سیل فون/موبائل فون، ہاتھ میں پکڑنے والے کمپیوٹر/پرسنل ڈیجیٹل اسسٹنٹس (PDAs) یا دوسرے الیکٹرانک آلات (لاکر میں رکھنے سے پہلے انہیں آف کرنا ضروری ہے)
    - 1 سینٹی میٹر سے زیادہ چوڑے زیورات
    - گھڑیاں، بٹوے اور پرس
    - ہیٹ، بیگ اور کوٹ
    - کتابیں اور نوٹس
- ٹیسٹ سنٹر آپکی ذاتی چیزوں کیلئے لاکر فراہم کرے گا لیکن گم، چوری ہونے والی یا غلط جگہ رکھی جانے والی ذاتی چیزوں کیلئے سنٹر ذمہ دار نہیں ہے۔ آپکو اپنا ٹیسٹ ختم کرنے اور سائن آؤٹ کرنے تک دوبارہ اپنے لاکر تک جانے کی اجازت نہیں ہوگی، سوائے اسکے کہ یہ ضروری ہو۔ مثال کے طور پر ایک معیّنہ وقت پر دوائی لینے کیلئے۔
- ٹیسٹ سنٹر میں کسی جگہ بھی کھانا، پینا یا تمباکو استعمال کرنا منع ہے۔
- آپ کیلئے ضروری ہے کہ آپ اسی سیٹ پر رہیں جو آپکو ملی ہو اور دوسرے امیدواروں کیلئے خلل پیدا نہ کریں۔
- آپ کیلئے دوسرے ٹیسٹ دینے والوں یا ٹیسٹ سنٹر کے عملے سے کسی بھی قسم کی مدد طلب کرنا، یا انہیں مدد پیش کرنا، یا مدد قبول کرنا منع ہے۔
- آپ ٹیسٹ کے دوران، بشمول وقفوں کے، کسی تعلیمی گائیڈ، نوٹس یا دوسرے تعلیمی مواد تک رسائی حاصل نہیں کریں گے۔
- آپ کسی دوسرے شخص کیلئے ٹیسٹ نہیں دیں گے اور نہ ہی کسی دوسرے کو اپنا ٹیسٹ دینے کی اجازت دیں گے۔
- آپ کسی طور پر کمپیوٹر میں مداخلت نہیں کریں گے۔
- آپ ٹیسٹ سنٹر سے ٹیسٹ کے سوالات یا جوابات میں سے کچھ بھی نقل نہیں کریں گے، اور کسی بھی وجہ سے، آپ ٹیسٹ کے سوالات یا جوابات دوسروں کو فراہم نہیں کر سکتے۔
- ٹیسٹ کے دوران، ’پڑھنے‘ کا حصہ مکمل کرنے کے بعد، آپکو اختیاری وقفہ لینے کی پیشکش کی جائے گی (جسے قبول کرنا آپکی مرضی پر منحصر ہے)۔
    - اگر آپ یہ وقفہ کمرۂ امتحان سے باہر نکل کر لینا چاہتے ہوں اور پھر واپس کمرے میں داخل ہونا چاہتے ہوں تو آپکو ہتھیلی کی رگوں کا سکین کروانا ہوگا۔
    - آپکو وقفوں کے دوران عمارت سے نکلنے کی بھی اجازت نہیں ہو گی؛ تاہم آپکو عمارت کے اندر واقع بیت الخلا استعمال کرنے کی اجازت ہو گی۔

سہولتی اشیاء

ٹیسٹ دینے والوں کو کمرۂ امتحان میں سہولتی اشیاء لانے کی اجازت ہے بشرطیکہ ٹیسٹ ایڈمنسٹریٹر انہیں چیک کر چکا ہو۔ سہولتی اشیاء میں یہ شامل ہیں:

- ٹشو پیپر
- کھانسی کے ڈراپس (جو کاغذ وغیرہ میں بند نہ ہوں)
- گردن، کمر یا چوٹ سے متاثرہ اعضا کے سہارے کیلئے تکیہ
- سویٹر، سویٹ شرٹ یا بلیزر – اگر اس کپڑے میں جیب ہو اور آپ اس کپڑے کو معائنے کیلئے اتارنا نہ چاہتے ہوں تو آپ سے یہ دکھانے کو کہا جائے گا کہ جیبیں خالی ہیں
- عینک اور آلۂ سماعت
- گردن کیلئے بریس یا کالر (جو گردن کی چوٹ سے متاثرہ لوگ پہنتے ہیں)
- جسم کے ساتھ لگا ہوا انسولین پمپ

یہ ضروری ہے کہ امیدوار اپنی سہولتی اشیاء خود لائے۔

ٹیسٹ کے دوران

ٹیسٹ شروع کرنا

- جب ٹیسٹ شروع کرنے کا وقت ہو جاۓ تو ٹیسٹ ایڈمنسٹریٹر آپکو کمرۂ امتحان میں لے جاۓ گا اور آپ کیلئے ہیڈفونز اور انکے اندر لگے مائیکروفون والا ایک کمپیوٹر مقرر کرے گا۔ آپکو ایک نوٹ بورڈ کتابچہ جس پر سے تحریر کو مٹایا جا سکتا ہے، اور پین بھی ملے گا۔ آپکو اپنا ٹیسٹ شروع ہونے تک نوٹس نہیں لینے چاہیئے۔
- ٹیسٹ شروع ہونے تک آپکو تحریر مٹ سکنے والے نوٹ بورڈ کتابچے پر لکھنا نہیں چاہیے۔
- ٹیسٹ ایڈمنسٹریٹر آپکو کمپیوٹر میں سائن ان کرے گا اور آپکو سکرین پر اخفاۓ معلومات کیلئے یاد دہانی دکھائی جاۓ گی۔
- سکرین آپکو آلات چیک کرنے کے بارے میں رہنمائی دے گی تاکہ یقینی ہو جاۓ کہ آپکے ہیڈفونز اور مائیکروفون درست کام کر رہے ہیں۔ پھر آپکا ٹیسٹ شروع ہو گا۔ اگر کوئی مسئلہ ہو تو فوری طور پر ہاتھ کھڑا کریں اور ٹیسٹ ایڈمنسٹریٹر کو اطلاع دیں۔

ٹیسٹ

- کچھ حصے آپکی بولی جانے والی انگلش کو سننے کی اہلیت کو ٹیسٹ کرتے ہیں۔ آپ بین الاقوامی انگلش بولنے والوں کو سنیں گے جو بہت سے مختلف لہجوں میں بولیں گے۔ آپ ٹیسٹ کے دوران وڈیو/آڈیو کلپس دوبارہ نہیں چلا سکیں گے۔
- کچھ سوالات آپکی انگلش بولنے کی اہلیت کو ٹیسٹ کرتے ہیں۔
  - آپ سے ایک مائیکروفون میں بولنے کو کہا جاۓ گا اور آپکا جواب ریکارڈ کیا جاۓ گا۔
  - آپکو اپنے جوابات دوبارہ ریکارڈ کرنے کا موقع نہیں ملے گا۔
  - ہمارا ٹیسٹ اور ہمارے سسٹم عام گفتگو کی رفتار اور آواز کی اونچائی کو ٹیسٹ کرنے کیلئے ڈیزائن کیے گئے ہیں۔
  - جن امیدواروں کے بولے ہوۓ جوابات میں غیرقدرتی وقفے/ہچکچاہٹ یا الفاظ/فقروں کے خراب تلفظ جیسے پہلو ہوں یا جہاں امیدوار ہدایات کی پابندی نہ کریں، انکے سکور پر ان چیزوں کا اثر پڑ سکتا ہے۔
- کچھ سوالات آپکی انگلش لکھنے کی اہلیت کو ٹیسٹ کرتے ہیں۔
  - آپ اپنا جواب انگلش کی کسی بھی درست قسم (برٹش یا امریکن) میں لکھ سکتے ہیں۔
  - ان سوالات کا جواب دینے کیلئے آپکو ایک مخصوص وقت حاصل ہوتا ہے۔
  - اگر آپ سوال کا جواب اس وقت کے اندر نہ دیں تو آپ کیلئے اگلے سوال پر جانا لازمی ہوتا ہے۔
- اگر آپکا کوئی سوال یا پریشانی ہو تو اپنا ہاتھ کھڑا کریں اور ٹیسٹ ایڈمنسٹریٹر اس حد تک آپکی مدد کرے گا کہ دوسرے امیدواروں کیلئے خلل پیدا نہ ہو۔ مثال کے طور پر اگر:
  - آپکو ہارڈویئر یا سوفٹ ویئر کے مسائل ہوں یا توجہ ہٹانے والی کوئی چیز آپکی ٹیسٹ دینے کی اہلیت کو متاثر کر رہی ہو،
  - آپ اپنا نوٹ بورڈ ٹیسٹ کے دوران پورا بھر لیں۔ ٹیسٹ ایڈمنسٹریٹر آپکو نیا نوٹ بورڈ لا دے گا۔ متوجہ ہوں کہ آپ تحریر مٹا سکنے والے نوٹ بورڈ کتابچے یا پین کو ٹیسٹ کے دوران کسی بھی وقت کمرۂ امتحان سے باہر نہیں لے جا سکتے۔
- ٹیسٹ ایڈمنسٹریٹر **ٹیسٹ کے مواد سے متعلق سوالات کے جواب نہیں دے سکتا،** اور آپ ٹیسٹ کے مواد سے متعلق سوالات نہیں پوچھیں گے۔

یاد رکھنے کی باتیں

- اس کمرے میں دوسرے ٹیسٹ دینے والے بھی ہوں گے اور وہ بھی آپکے بولنے کے وقت پر بول رہے ہوں گے لہٰذا ہمارا مشورہ ہے کہ آپ تمام ٹیسٹ کے دوران اپنا ہیڈسیٹ پہنے رکھیں۔
- بولنے کا سیکشن مکمل کرتے ہوۓ، امیدواروں کو عام گفتگو کی سطح پر بولنے کی ہدایت دی جاتی ہے۔ چلّائیں مت، اور نہ ہی اپنی آواز اونچی کریں۔
- ایک سوال کا جواب دینے کے بعد آپ پچھلے سوالوں پر واپس نہیں جا سکیں گے اور اپنا جواب نہیں بدل سکیں گے۔

وقفے

اختیاری وقفہ

- آپکو حصہ 2 - پڑھنا، مکمل کرنے کے بعد دس منٹ کا وقفہ لینے کا موقع حاصل ہو گا۔ درست وقت پر اس بارے میں کمپیوٹر سکرین پر ہدایات ظاہر ہوں گی۔ وقفہ لینے کیلئے سکرین کی ہدایات پر عمل کریں۔
- اگر آپ یہ وقفہ کمرۂ امتحان سے باہر نکل کر لینا چاہتے ہیں اور پھر واپس داخل ہونا چاہتے ہیں تو آپکو ہتھیلی کی رگوں کا سکین کروانا پڑے گا۔
- اگر آپ وقفے کے مقررہ وقت سے زیادہ لمبا وقفہ لیں تو یہ زائد وقت آپکے ٹیسٹ کے باقی حصے میں سے نکال دیا جائے گا۔ اگر آپ وقفہ نہ لیں تو آپکے ٹیسٹ کے وقت میں اضافہ نہیں کیا جائے گا۔
- آپکو وقفوں کے دوران عمارت سے نکلنے کی اجازت نہیں ہو گی؛ تاہم آپکو عمارت کے اندر واقع بیت الخلا استعمال کرنے کی اجازت ہو گی۔

غیر طے شدہ وقفے

- غیر طے شدہ وقفوں کی اجازت ہے لیکن ان کیلئے حوصلہ شکنی کی جاتی ہے۔
- غیر طے شدہ وقفہ لینے کیلئے ہاتھ کھڑا کر کے ٹیسٹ ایڈمنسٹریٹر کی توجہ حاصل کریں۔ ٹیسٹ ایڈمنسٹریٹر آپکے ٹیسٹ کے ورک سٹیشن کو وقفے کے موڈ میں ڈال دے گا۔ آپکی عدم موجودگی کے دوران ٹیسٹ کلاک نہیں رکے گا۔ یہ وقت آپکے مجموعی ٹیسٹ کے وقت میں سے نکالا جائے گا۔
- تمام وقفوں کیلئے کمرۂ امتحان سے نکلنا ضروری ہے۔ ٹیسٹ ایڈمنسٹریٹر آپکی واپسی پر آپ کیلئے ٹیسٹ دوبارہ شروع کر دے گا۔

ٹیسٹ ختم کرنا

- اپنا ٹیسٹ ختم کرنے کے بعد ہاتھ کھڑا کر کے ٹیسٹ ایڈمنسٹریٹر کی توجہ حاصل کریں۔ ٹیسٹ ایڈمنسٹریٹر آپکے ورک سٹیشن تک آ جائے گا اور یقینی بنائے گا کہ آپکا ٹیسٹ درست طریقے سے ختم ہوا ہے۔
- آپ عملے کے ساتھ کمرۂ امتحان سے باہر نکلیں گے اور کمرۂ امتحان سے نکلتے ہوئے آپکے شناخت نامے کو الیکٹرانک طور پر چیک کیا جائے گا۔
- آپکو چھپی ہوئی تصدیق ملے گی کہ آپ نے ٹیسٹ مکمل کر لیا ہے۔ آپکو یہ تصدیق تحریر مٹ سکنے والا نوٹ بک کتابچہ اور دیگر مواد ٹیسٹ سنٹر کے عملے کو لوٹانے کے بعد ملے گی۔ یہ چیزیں اپنے ٹیسٹ کے ورک سٹیشن پر نہ چھوڑیں۔
- یہ کام مکمل ہو جانے کے بعد آپ اپنی تمام ذاتی چیزیں سٹوریج کے مقام سے لے سکتے ہیں اور جا سکتے ہیں۔

خاکے: Lauren Rolwing

ٹیسٹ کے بعد

سکور رپورٹ حاصل کرنا

پیئرسن کا ہدف ہے کہ آپکے ٹیسٹ کی تاریخ کے بعد پانچ دفتری ایّام کے اندر نتائج فراہم کیے جائیں۔ آپکے ٹیسٹ کے بعد آپکو ایک ای میل ملے گی کہ آپکی سکور رپورٹ تیار ہے۔ اس میں یہ تفصیلات ہوں گی کہ آپ اپنی سکور رپورٹ تک کیسے رسائی حاصل کر سکتے ہیں اور اسے اپنے منتخبہ ادارے (یا اداروں) کو کیسے بھیج سکتے ہیں۔

- آپکی سکور رپورٹ PDF فارمیٹ میں جاری کی جائے گی اور کوئی ادارہ صرف اسی صورت میں آپکی رپورٹ کو قبول کرے گا کہ یہ ہماری محفوظ آن لائن ویب سائیٹ سے انہیں بھیجی گئی ہو۔
- ہم کسی چھپی ہوئی سکور رپورٹ کی توثیق یا منظوری فراہم نہیں کرتے۔
- PTE اکیڈمک سکور رپورٹ کی توثیق کیلئے اداروں کو ہمارا الیکٹرانک پلیٹ فارم استعمال کرنا ہو گا۔

اپنی سکور رپورٹ دیکھنا

pearsonvue.com/pte پر لاگ ان کریں
‘Sign In’ پر کلک کریں اور اپنا یوزر نیم اور پاس ورڈ ڈالیں۔
لاگ ان کرنے کے بعد ‘View Score Reports’ لنک پر کلک کریں۔
آپ جو سکور دیکھنا چاہتے ہوں، اس کیلئے ‘View’ پر کلک کریں۔
سکور رپورٹ PDF فارمیٹ میں دکھائی جاتی ہے۔

دیکھیں:
اپنا ٹیسٹ سکور تلاش کرنا
pearsonpte.com/Accessingscores

کسی ادارے کو اپنی سکور رپورٹ بھیجنا

ادارے آپکے سکورز اسکے بغیر نہیں دیکھیں گے کہ آپ انہیں ویب سائیٹ سے اپنے سکور بھیج کر دیکھنے کی اجازت دیں۔ ادارے کی جانب سے آپکے سکورز کی توثیق میں 48 گھنٹوں تک کا وقت لگ سکتا ہے۔ اسکا مطلب ہے کہ آپکو یہ چننے کا موقع حاصل ہے کہ آپ ایک ادارے کو کونسی سکور رپورٹ دکھانا چاہتے ہیں۔ آپ اپنے سکورز لامحدود تعداد میں اداروں کو بھیج سکتے ہیں لیکن آپ ایک وقت میں صرف سات وصول کنندگان چن سکتے ہیں۔

براہ مہربانی pearsonvue.com/pte پر اپنے اکاؤنٹ میں لاگ ان کریں اور ہدایات پر عمل کریں:
‘Sign In’ پر کلک کریں اور اپنا یوزر نیم اور پاس ورڈ ڈالیں۔
لاگ ان کرنے کے بعد ‘View Score Reports’ لنک پر کلک کریں۔
آپ جس ٹیسٹ کا سکور بھیجنا چاہتے ہوں، اسکے برابر میں ‘Send Scores’ پر کلک کریں۔
اس ادارے کیلئے سرچ کریں جسے آپ اپنا سکور بھیجنا چاہتے ہیں۔ آپ ایک وقت میں سات تک اداروں کو سکور بھیج سکتے ہیں اور اپنا سکور بھیجنا مفت ہے۔
جب ‘Recipient’ خانے میں ادارے کا نام آ جائے تو باکس میں ٹک کا نشان لگا دیں۔
اپنے آرڈر کا خلاصہ دیکھنے کیلئے ‘Next’ پر کلک کریں۔
دوبارہ ‘Next’ پر کلک کریں، پھر اپنے سکورز بھیجنے کیلئے‘Submit Order’ پر کلک کریں۔

استثناء

- اگر آپ امیگریشن کے مقاصد سے PTE اکیڈمک ٹیسٹ دیں تو آپ اپنا اکاؤنٹ بنانے کے وقت ہی، یا ٹیسٹ کی تاریخ لیتے ہوئے یا بعد میں کسی بھی وقت ہمارے ساتھ طے کر سکتے ہیں کہ آپکی سکور رپورٹ خود بخود آپکی جانب سے متعلقہ حکومتی ڈیپارٹمنٹ کو بھیج دی جائے۔
- ٹیسٹ کی تاریخ کے بعد ٹیسٹ سکورز دو سال تک مؤثر رہتے ہیں۔ اسکے بعد آپ ویب سائیٹ پر یہ سکورز نہیں دیکھ سکیں گے۔
- اگر آپکے ٹیسٹ کو 2 سال سے زیادہ عرصہ گزر چکا ہے تو آسٹریلین ڈیپارٹمنٹ آف ہوم افیئرز اور امیگریشن نیوزی لینڈ آپکا سکور جاننے کیلئے پیئرسن سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

اپنی سکور رپورٹ کو سمجھنا

PTE اکیڈمک ٹیسٹ کا سکور 'گلوبل سکیل آف انگلش' کے مطابق دیا جاتا ہے جو 10-90 تک اکائیوں میں بٹا ہوا پیمانہ ہے۔ **PTE اکیڈمک سکور رپورٹ** میں آپکا مجموعی سکور، بات سمجھنے اور سمجھانے کی مہارتوں کا سکور اور قابلیت دلانے والی مہارتوں کا سکور شامل ہوتا ہے۔

1 مجموعی سکور

آپکی مجموعی انگلش کی قابلیت کو ظاہر کرتا ہے اور پورے ٹیسٹ میں کارکردگی کی بنیاد پر تیار کیا جاتا ہے۔

2 بات سمجھنے اور سمجھانے کی مہارتیں

سننے، پڑھنے، بولنے اور لکھنے کو ٹیسٹ کے ان تمام سوالات کی بنیاد پر جانچا جاتا ہے جو ان مہارتوں کو ٹیسٹ کرتے ہیں، یا تو واحد مہارت کے طور پر یا دوسری مہارتوں کے ساتھ ملا کر۔

3 قابلیت دلانے والی مہارتیں

گرائمر، بولنے میں روانی، تلفظ، ہجّے، ذخیرۂ الفاظ اور تحریری اظہار خیال کی بنیاد ٹیسٹ کے ان تمام سوالوں پر ہے جو ان میں سے کسی ایک مہارت یا مہارتوں کو جانچتے ہیں۔

PTE Academic

Test Taker Score Report

Example Test Taker

Test Taker, Example

23200678



Test Taker ID:	PTE123456789
Date of Birth:	06 January 1980
Country of Citizenship:	United Kingdom
Country of Residence:	United Kingdom
Email Address:	pltsupport@pearson.com
Registration ID:	123456789
Test Date:	13 September 2016
Test Centre Country:	United States
Test Centre ID:	00001
First-Time Test Taker:	Yes
Report Issue Date:	18 September 2016
Scores Valid Until:	13 September 2018

Overall Score: 56

The overall Score for the PTE Academic is based on the test taker's performance on all items in the test. The scores for Communicative Skills and Enabling Skills are based on the test taker's performance on only those items that pertain to these skills specifically. As many items contribute to more than one Communicative or Enabling Skill, the Overall Score cannot be computed directly from the Communicative Skill scores or from the Enabling Skill scores. The graph below indicates this test taker's Communicative Skills and Enabling Skills relative to his or her Overall Score.

When comparing the Overall Score and the scores for Communicative Skills and Enabling Skills, please be aware that there is some imprecision in all measurement, depending on a variety of factors. For more information on interpreting PTE Academic scores please refer to *Interpreting the PTE Academic Score Report* which is available at www.pearsonpte.com/pteacademic/scores.

Skills Profile

Communicative Skills	
Listening	51
Reading	69
Speaking	47
Writing	74
Enabling Skills	
Grammar	70
Oral Fluency	37
Pronunciation	47
Spelling	61
Vocabulary	74
Written Disclosure	61



Score Report representation right may differ from current score reports.

NOTE TO INSTITUTIONS: This score report is not valid unless authenticated on the PTE Academic Score Report Website: www.pearsonvue.com/ptescores.

Pearson

براہ مہربانی متوجہ ہوں:

- سکورز صرف سکور رپورٹ ویب سائیٹ کے ذریعے بھیجے جانے چاہیئں۔
- سکور رپورٹ کی شکل (اوپر) حالیہ سکور رپورٹس سے مختلف ہو سکتی ہے۔
- PTE اکیڈمک سکورز کو تفصیل سے سمجھنے کیلئے **PTE اکیڈمک سکور گائیڈ** دیکھیے۔ pearsonpte.com/ScoreGuide

دیکھیں:
اپنا ٹیسٹ سکور معلوم کرنا
pearsonpte.com/Accessingscores

دوبارہ ٹیسٹ دینا اور دوبارہ سکور حاصل کرنا

دوبارہ ٹیسٹ دینے کی پالیسی

اگر آپ اپنے حاصل کردہ سکور سے ناخوش ہوں تو آپ دوبارہ ٹیسٹ دے سکتے ہیں۔ آپ:

- آخری ٹیسٹ کے نتائج دستیاب ہونے کے بعد فوری طور پر اگلا ٹیسٹ بک کر سکتے ہیں۔
- پچھلا ٹیسٹ دینے کے کم از کم 5 دن بعد ٹیسٹ کی تاریخ بک کر سکتے ہیں۔
- ایک وقت میں صرف ایک ٹیسٹ بک کریں۔
- آپ جتنی مرتبہ چاہیں، ٹیسٹ دے سکتے ہیں۔

دوبارہ سکور حاصل کرنے کی درخواست

اگر آپ اپنے PTE اکیڈمک سکور سے ناخوش ہیں تو آپ دوبارہ سکور حاصل کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اس سے پہلے، آپکو یہ غور کرنا چاہیئے:

- PTE اکیڈمک، کمپیوٹر پر سکور کیا جانے والا ٹیسٹ ہے؛ اور اسکا امکان نہیں ہے کہ آپکا مجموعی سکور بدل جائے گا۔
- صرف ان سوالات کا سکور دوبارہ دیا جاتا ہے جن کے جوابات بول کر دیے گئے ہوں اور جن کے رائے مہیا کرنے والے تحریری جوابات ہوں۔
- امکان نہ ہونے کے باوجود، اگر آپکا سکور بدل جائے تو سکور میں اضافہ یا کمی ہو سکتی ہے۔
- اگر آپکا سکور بدل جائے تو یہ آپکے پچھلے سکور کی جگہ لے لے گا۔
- آپ صرف اپنے تازہ ترین PTE اکیڈمک ٹیسٹ کا سکور دوبارہ حاصل کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

براہ مہربانی متوجہ ہوں: اگر آپ پہلے ہی ایک اور ٹیسٹ کی تاریخ لے چکے ہوں تو آپ دوبارہ سکور حاصل کرنے کی درخواست نہیں کر سکتے۔

دوبارہ سکور کی درخواست کرنے کیلئے آپکو اپنی سکور رپورٹ دستیاب ہونے کے بعد 14 کیلنڈری دنوں کے اندر اندر پیئرسن کسٹمر سروس سے رابطہ کرنا ہو گا۔ دوبارہ سکور حاصل کرنے کی فیس کسٹمر سروس ٹیم سے معلوم کی جا سکتی ہے۔ امکان نہ ہونے کے باوجود، اگر آپکا مجموعی سکور، بات سمجھنے اور سمجھانے کی مہارتوں کا سکور یا قابلیت دلانے والی مہارتوں کا سکور بدل گیا تو دوبارہ سکور حاصل کرنے کی تمام فیس آپکو واپس کر دی جائے گی۔



خاکہ: Nathalie Lees

PTE اکیڈمک ٹیسٹ دینے والوں کیلئے شرائط

1) عمومی شرائط

A. یہ شرائط (PTE اکیڈمک ٹیسٹ دینے والوں کیلئے شرائط) پیئرسن ایجوکیشن لمیٹڈ ("پیئرسن"، "ہم"، "ہمارے" یا "ہمیں") اور اس امیدوار ("امیدوار"، "آپ" یا "آپکے") کے درمیان ایک معاہدہ تشکیل دیتی ہیں اور اسکا حصہ ہیں، جس امیدوار نے پیئرسن ٹیسٹ آف انگلش اکیڈمک ("PTE Academic") کیلئے ہمارے ساتھ یا دنیا بھر میں ہمارے الحاقی اداروں کے ساتھ رجسٹر کیا ہے۔ ہم وقتاً فوقتاً PTE اکیڈمک ٹیسٹ دینے والوں کیلئے شرائط میں تبدیلی یا ترمیم کر سکتے ہیں۔ امیدواروں کیلئے PTE اکیڈمک ٹیسٹ کی رجسٹریشن فون پر یا آن لائن کرتے ہوئے PTE اکیڈمک ٹیسٹ دینے والوں کیلئے شرائط سے اتفاق کرنا ضروری ہے۔

B. یہ PTE اکیڈمک ٹیسٹ دینے والوں کیلئے شرائط اور PTE اکیڈمک ٹیسٹ دینے والوں کیلئے ہینڈ بک ('ہینڈ بک') ہمارے اور امیدوار کے درمیان ایک پورا معاہدہ ہیں۔ آپ اقرار کرتے ہیں کہ آپ کسی ایسے بیان، وعدے، نمائندگی، یقین دہانی یا ضمانت پر انحصار نہیں کر رہے ہیں جو آپکو پیئرسن نے یا پیئرسن کی جانب سے کسی اور نے دی ہو، اور جو ان **PTE اکیڈمک ٹیسٹ دینے والوں کیلئے شرائط** یا ہینڈ بک میں بیان نہیں کی گئی۔

2) PTE اکیڈمک ٹیسٹ دینے والوں کیلئے ہینڈبک

A. اس ہینڈبک میں ان اصولوں اور ضوابط کی تفصیل ہے جو PTE اکیڈمک کیلئے اطلاق پاتے ہیں۔ جب آپ PTE اکیڈمک ٹیسٹ دینے کیلئے اپائنٹمنٹ لیں تو آپ سے یہ تصدیق کرنے کو کہا جائے گا کہ آپ نے ہینڈ بک کو پڑھ اور سمجھ لیا ہے۔

B. آپ اتفاق کرتے ہیں کہ اگر آپ ہینڈ بک کے حصے "ٹیسٹ والے دن" میں دی گئی ہدایات کی تعمیل نہ کریں تو ٹیسٹ سنٹر کا عملہ پیئرسن کو اسکی اطلاع دے سکتا ہے اور ہم ایسا اقدام کر سکتے ہیں جس میں آپکو PTE اکیڈمک ٹیسٹ دینے کیلئے ٹیسٹ سنٹر میں داخلے سے انکار کیا جا سکتا ہے یا آپکے ٹیسٹ کے نتائج کو غیرمؤثر بنایا جا سکتا ہے تاہم یہ اقدام صرف انہی تک محدود نہیں۔

3) پرائیویسی

A. رجسٹریشن، ٹیسٹ کی تاریخ طے کرنے اور ٹیسٹ دینے کے دوران تمام مراحل میں پیئرسن آپ سے اور آپکے بارے میں ذاتی ڈیٹا حاصل کرے گا۔ آپکا تمام ذاتی ڈیٹا محفوظ اور سیکیور انداز میں حاصل کیا جائے گا، بھیجا جائے گا اور رکھا جائے گا اور اسے صرف پرائیویسی سٹیٹمنٹ میں مذکور مقاصد کیلئے استعمال کیا جائے گا جو ہماری ویب سائٹ پر دیکھی جا سکتی ہے: pearsonpte.com/privacy-policy

4) رازداری

A. امیدوار ٹیسٹ سنٹرسے ٹیسٹ کے حصوں کی کاپیاں اور جوابات نہیں لے جا سکتے اور نہ ہی اپنے ٹیسٹ کا کوئی حصہ یا جوابات دوسروں کو فراہم کر سکتے ہیں؛ اس میں تعلیمی گائیڈز یا پریکٹس سیشنوں میں ٹیسٹ کے حصوں اور جوابات کے غیرکاروباری استعمال کی ممانعت بھی شامل ہے۔

5) منسوخی کیلئے پالیسی

A. آپ **PTE اکیڈمک ٹیسٹ دینے والوں کیلئے ہینڈ بک** میں مذکور پالیسی کے مطابق اپنا ٹیسٹ منسوخ کر سکتے ہیں اور/یا نئی تاریخ لے سکتے ہیں۔

B. اس صورت میں پیئرسن آپکا ٹیسٹ اور PTE اکیڈمک کے ساتھ رجسٹریشن منسوخ کر سکتا ہے کہ اگر پیئرسن کی رائے میں آپکی ٹیسٹ دینے کی وجوہات حقیقی اور دیانتدارانہ نہ ہوں۔ آپکے اختیار میں صرف یہ حل ہے کہ آپ وہ فیس واپس لے لیں جو آپ نے منسوخ شدہ ٹیسٹ کیلئے ادا کی تھی۔

C. نیز پیئرسن اس صورت میں بھی، آپکو تھوڑا ہی وقت پہلے مطلّع کر کے، آپکا ٹیسٹ منسوخ کر سکتا ہے یا آئندہ کسی دوسرے ٹیسٹ سنٹر میں رکھ سکتا ہے کہ کوئی ایسا واقعہ ہو جائے جو پیئرسن کے اختیار سے باہر ہو نیز کسی بڑی غیرمتوقع رکاوٹ کی صورت میں۔ آپکے اختیار میں صرف یہ حل ہے کہ آپ ٹیسٹ کی فیس واپس لینے یا ٹیسٹ کی نئی تاریخ لینے میں سے کسی ایک کا انتخاب کر لیں۔

6) ذمہ داری کی حدود

A. پیئرسن اپنی یا اپنے ملازمین یا ایجنٹوں کی غفلت کے سبب کسی فرد کی موت یا ذاتی ضرر کیلئے یا دھوکہ دہی پر مبنی غلط نمائندگی کیلئے اپنی ذمہ داری کو محدود یا خارج نہیں کرتا۔

B. اوپر 6(a) کے تحت، اور اطلاق پانے والے قانون میں اجازت کی زیادہ سے زیادہ حد کے مطابق، پیئرسن کسی قسم کے حالات میں آپ کے روبرو مندرجہ ذیل کیلئے ہرگز ذمہ دار نہیں ہو گا، نہ معاہدے کی رو سے، نہ معاہدے سے باہر نقصان کیلئے (بشمول غفلت کے) نہ کسی اور طرح، (i) کاروبار کے ہرج، منافع کے ہرج یا موقع ضائع ہو جانے یا آپکو کسی بھی بالواسطہ یا نتیجتاً پیش آنے والے نقصان کیلئے، جو PTE اکیڈمک یا آپکے ٹیسٹ کے سلسلے میں پیئرسن کے فعل یا ترک فعل کی وجہ سے ہو؛ یا (ii) ٹیسٹ سنٹر، اسکے عملے یا ایجنٹوں کے، یا انکی جانب سے کسی کے فعل یا ترک فعل کی وجہ سے ہو۔

C. آپکے حق میں پیئرسن کی کل ذمہ داری، ایسے کسی بھی اور تمام دیگر اخراجات یا نقصانات کیلئے جو آپکو اٹھانے پڑے ہوں، اس رقم سے زیادہ نہیں ہو گی جو آپ نے متعلقہ ٹیسٹ کے سلسلے میں پیئرسن کو ادا کی تھی، سوائے اسکے کہ قانون کوئی اور تقاضا کرتا ہو۔

D. ہمارے معقول اختیار سے باہر حالات کے سبب، ہماری PTE اکیڈمک ٹیسٹ فراہم کرنے کی کوئی بھی ذمہ داریاں بجا لانے میں ناکامی یا ان میں تاخیر کی صورت میں، ہمیں حق حاصل ہو گا کہ ان ذمہ داریوں کو پورا کرنے کیلئے ہمیں معقول اضافی وقت دیا جائے۔

7) عمومی اصول

A. یہ شرائط، ہماری جانب سے آپکو آپکی رجسٹریشن کے سلسلے میں بھیجی جانے والی تصدیق اور ہینڈ بک کے مندرجات مل کر ہمارے اور امیدوار کے درمیان پیئرسن PTE اکیڈمک کے حوالے سے ایک پورا معاہدہ تشکیل دیتے ہیں۔ ہم وقتا فوقتا **اکیڈمک ٹیسٹ دینے والوں کیلئے شرائط** میں تبدیلی کر سکتے ہیں۔ کوئی بھی تبدیل شدہ مواد اس ای میل ایڈریس پر ای میل بھیج کر آپکے علم میں لایا جائے گا جو آپ نے ہمیں رابطے کیلئے فراہم کیا ہے۔

B. اگر ان **PTE اکیڈمک ٹیسٹ دینے والوں کیلئے شرائط** میں سے کسی شرط کو کوئی مجاز حکام کسی بھی حد تک غیرمؤثر، غیرقانونی یا غیرقابل نفاذ قرار دیں تو اس شرط یا اصول کو اسی حد تک باقی شرائط اور اصولوں سے کاٹ دیا جائے گا اور باقی شرائط و اصول قانون کی اجازت کے مطابق مکمل حد تک مؤثر رہیں گے۔

C. اگرہم ان **PTE اکیڈمک ٹیسٹ دینے والوں کیلئے شرائط میں** سے کسی بھی شرط کے تحت آپکی کسی بھی ذمہ داری کی سختی سے ادائیگی کیلئے اصرار کرنے سے قاصر رہیں، یا اگر ہم ان حقوق یا حلوں میں سے کسی کو استعمال نہ کریں جن کا ہمیں استحقاق ہے، تو یہ ان حقوق یا حلوں سے دستبرداری کے مترادف نہیں ہو گا اور آپکو ایسی ذمہ داریوں کی تعمیل سے خلاصی نہیں دے گا۔ قاصر رہنے پر ہماری جانب سے حق اقدام ترک کرنے کا مطلب یہ نہیں ہو گا کہ آئندہ قاصر رہنے پر بھی حق اقدام سے دستبردار ہوا جا رہا ہے۔

D. سوائے اسکے کہ کچھ اور واضح کیا گیا ہو، ان شرائط اور ہمارے درمیان PTE کے حوالے سے اس معاہدے کی تشریح انگلینڈ اور ویلز کے قوانین کے مطابق کی جائے گی۔

ضمنی شرائط

اگر آپ مندرجہ ذیل ممالک یا علاقوں میں امتحان دینے کیلئے رجسٹر کریں تو ذیل میں دی گئی موزوں ضمنی شرائط بھی اطلاق پائیں گی (اور اگر دیگر شرائط کا کوئی حصہ ان اضافی شرائط سے اختلاف رکھتا ہو تو ضمنی شرائط کو فوقیت حاصل ہو گی)۔

آسٹریلیا

ہمارے امتحانات کی تشکیل اور سکور دینے کی خدمات ایسی ضمانتوں کے ساتھ وابستہ ہیں جنہیں آسٹریلین کنزیومر لاء کے تحت خارج نہیں کیا جا سکتا۔ آپکو ہماری اہم ناکامی کیلئے دوبارہ ٹیسٹ دینے یا فیس واپس لینے کا حق حاصل ہے اور کسی دوسرے معقول نقصان کا ہرجانہ لینے کا حق ہے جو واقع ہونے سے پہلے نظر آ جانا چاہیئے تھا (شرائط میں ہماری محدود ذمہ داری کی شقوں کے تحت رہتے ہوئے)۔ اگر امتحان قابل قبول معیار کا نہ پایا جائے اور اگر ناکامی کی سطح سنگین ناکامی کی نہ ہو تو بھی آپکو دوبارہ ٹیسٹ دینے یا فیس واپس لینے کا حق حاصل ہے۔

آسٹریلین کنزیومر لاء کے تحت کیے جانے والے دعوے یہاں بھیجے جائیں:

Pearson Australia Group Pty Ltd
707 Collins Street, Melbourne, VIC 3008
Australia

پیئرسن آپکے پرائیویسی کے حقوق کے حوالے سے پرائیویسی ایکٹ 1988 (کامن ویلتھ) کی تعمیل کرتا ہے۔ آپکے ڈیٹا کو آسٹریلیا سے باہر برطانیہ، امریکہ، فلپائن یا آپکی نامزد کردہ دیگر عملداری میں بھیجا جائے گا تاہم ڈیٹا بھیجنے کا تمام کام پرائیویسی ایکٹ 1988 (کامن ویلتھ) کے اصولوں کے مطابق ہوتا ہے۔

یہ شرائط سٹیٹ آف وکٹوریا کے قوانین کے تحت ہوں گی۔

ہانگ کانگ

آپکے ذاتی ڈیٹا کے حصول، استعمال، منتقلی اور ڈیٹا کو رکھنے کے سلسے میں پیئرسن پرسنل ڈیٹا (پرائیویسی) آرڈیننس(باب 486) ("PDPO") کی تعمیل کرتا ہے۔ ایسے کسی بھی ذاتی ڈیٹا تک پیئرسن کے دیگر دفاتر یا ہانگ کانگ سے باہر پیئرسن کے ساتھ الحاق رکھنے والے دفاتر کو رسائی حاصل ہو سکتی ہے۔ اسکا مطلب ہے کہ ممکن ہے ہانگ کانگ میں آپکے ذاتی ڈیٹا کو اسی قدر یا مماثل تحفظ حاصل نہ ہو۔ PTE اکیڈمک کیلئے رجسٹر کرنے کی صورت میں آپ اپنے ذاتی ڈیٹا کو ہانگ کانگ سے باہر مقامات پر منتقل کرنے کیلئے رضامندی دیتے ہیں۔ بعض ذاتی ڈیٹا کی ہانگ کانگ کے حکام، پیئرسن کے آڈیٹرز، ہماری انشورنس کرنے والوں یا ہمارے بینکاروں کو اکاؤنٹنگ یا ضوابط کی تعمیل کے مقاصد سے منتقل کرنے کی ضرورت بھی ہو سکتی ہے۔

آپ اوپر شق 3 میں مذکور پیئرسن کا ذاتی معلومات اکٹھی کرنے کے ضمن میں بیان دیکھ سکتے ہیں,
(جو چینی زبان میں www.pearsonpte.com/privacy پر بھی دستیاب ہے اور آپ تصدیق کریں کہ آپ نے اسے پڑھ اور سمجھ لیا ہے اور آپ اس کیلئے رضامند ہیں۔)

اوپر شق 7(d) کی جگہ لینے کیلئے، ان شرائط کی تشریح ہانگ کانگ سپیشل ایڈمنسٹریٹیو ریجن کے قوانین کے تحت کی جائے گی اور شرائط ان قوانین کے تحت ہوں گی۔

مین لینڈ چائنا

پیئرسن ذاتی ڈیٹا کے ضمن میں قوانین و ضوابط کی تعمیل کرتا ہے۔ ایسے کسی بھی ذاتی ڈیٹا تک پیئرسن کے دیگر دفاتر یا مین لینڈ چائنا سے باہر پیئرسن کے ساتھ الحاق کرنے والے دفاتر کو رسائی حاصل ہو سکتی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ ممکن ہے مین لینڈ چائنا میں آپکے ذاتی ڈیٹا کو اسی قدر یا مماثل تحفظ حاصل نہ ہو۔ PTE اکیڈمک کیلئے رجسٹر کرنے کی صورت میں آپ اپنے ذاتی ڈیٹا کو مین لینڈ چائنا سے باہر مقامات پر منتقل کرنے کیلئے رضامندی دیتے ہیں۔ بعض ذاتی ڈیٹا حکام، پیئرسن کے آڈیٹرز، ہماری انشورنس کرنے والوں یا ہمارے بینکاروں کو اکاؤنٹنگ یا ضوابط کی تعمیل کے مقاصد سے منتقل کرنے کی ضرورت بھی ہو سکتی ہے۔
آپ اوپر شق 3 میں مذکور پیئرسن کا ذاتی معلومات اکٹھی کرنے کے ضمن میں بیان دیکھ سکتے ہیں (جو چینی زبان میں www.pearsonpte.com/privacy پر بھی دستیاب ہے اور آپ تصدیق کریں کہ آپ نے اسے پڑھ اور سمجھ لیا ہے اور آپ اس کیلئے رضامند ہیں۔)

اس بارے میں مزید سیکھیں

Pearson

PTE Academic

pearsonpte.com

18PTE80